# 36606 ـ اس كے ليےہوائي جہاز ميں احرام باندھنا مشكل ہے لهذا اسے كيا كرنا چاہيے

**سوال**

جب كوئي شخص حج يا عمره كرنا چاہے ، اورہوائي جہاز ميں اس كے ليے احرام باندھنا مشكل ہو ، اورپھراس كے ساتھ اسے ميقات كا بھی علم نہ ہو توكيا وہ جدہ تک احرام باندھنے ميں تاخير كرسكتا ہے كہ نہيں ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

جب كوئي شخص حج يا عمره كرنا چاہے اوروہ ہوائي جہاز سے سفر كررہا ہے تواسے اپنے گھرسے غسل كركے اگر چاہے تواحرام كی چادريں پہن لے اورجب ميقات ميں كچھ فاصلہ رہ جائے تووہ حج يا عمره كی نيت كرلے ، اوراس ميں كوئي مشقت اورمشكل نہيں ہے ـ

اورجب اسے ميقات كا علم نہيں تووہ ہوائي جہاز كے پائلٹ يا اس كے عملہ كے اركان يا كسی ايک ہوائي ميزبان يا پھر كسی ثقہ مسافر سے پوچھ سكتا ہے جنہيں اس كا تجربہ بھی ہوتا ہے ـ

الله تعالى ہی توفيق بخشنے والا ہے .